ساتھ نماز ادا نہیں کر پاؤ گے--!!"اس کے کمرے میں پہنچ کر

--بیڈ پر گرے ہوئے حاطب کو اٹھاتے ہوئے گویا ہوئیں

عکاشہ تو فوراً واشروم میں بند ہوا تھا اور سات منٹ بعد گیلے بالوں

--سمیت باہر نکلا

بھایا جلدی چلیں اس کے بعد مجھے ابھی سوچنا بھی ہے کہ میں "

اپنے بھایا کی شادی میں کیا پہنوں گا--؟" اس نے دہائی دیتے

--ہوئے اسے مسکرانے پر مجبور کر گیا

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

چلو پہلے مسجد اس کے بعد اس کا بھی حل نکالتے ہیں۔۔!!" "

۔۔بالوں میں برش کرنے کے بعد اسے لئے باہر نکل گیا

★★★★★

بڑے آناً فاناً میں ساری تیاریاں ہوئی تھیں۔ صبح آٹھ بجے تک وہ سب نکل کر مارکیٹ کے لیے روانہ ہوئے تھے اور جو بھی چیزیں انہیں ضرورت کی لگی تھی اس وقت فلحال وہی بس انتظام کر رہے تھے۔ دلہن کا جوڑا، دلہے کا جوڑا اور باقی کچھ زیورات، رشتہ داروں کے لیے کھانے کے انتظامات، سب کچھ دیکھنا تھا لیکن انہیں آج ہی کی فلائٹ بھی کرانی تھی کیونکہ شام تک رخصتی ۔۔کروا کر انہیں اپنے گھر ممبئی لوٹنا تھا

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

وہاں پر دلہن کے ویلکم کی تیاریاں عروج پر تھیں۔ فون کر کے ہی انہوں نے سارے رشتہ داروں کو وہاں جمع کروا لیا تھا اور ایونٹ ارگنائزر سے سب کچھ تیار کروا لیا تھا بس انہیں پہنچنا تھا۔ اسی لیے تین گھنٹے پہلے کی انہیں فلائٹ مل گئی تھی تو وہ خوش تھیں کہ دلہن سے پہلے کم از کم پہنچ کر دروازے پر استقبال کے لیے کھڑی تو رہیں گی --

کب اسے مہندی لگی، کب وہ تیار ہوئی، کب نکاح ہوا--؟ اسے سب بس ایک خواب لگ رہا تھا وہ روتے دھوتے سب کرتی جا رہی تھی --

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

شام چار بجے کی فلائیٹ ان تینوں لوگوں کو مل چکی تھی جب کہ

سات بجے کی فلائیٹ سے عکاشہ اور میرم کو جانا تھا۔ دونوں

فلائیٹ میں تین گھنٹے کا فرق تھا۔۔

" ہمارے گھر، ہمارے دل اور ہماری زندگی میں خوش آمدید میری

جان۔ ہم نکل رہے ہیں ابھی اور تم اپنے شوہر کے ساتھ ہی

آنا۔۔!!" انھوں نے فرط جذبات سے لبریز ہو کر اس کی پیشانی

چوم لی۔۔

خوش ہونا چاہتی تھی وہ لیکن خوش نہیں ہو پا رہی تھی کیونکہ اسے

ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ کسی کے سر پر زبردستی مسلط کر دی گئی

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

ہو اور مسلط کی ہوئی چیزیں بوجھ ہی لگتی ہیں اس لیے وہ خود کو

بوجھ ہی اس وقت سمجھ رہی تھی۔۔

حاطب بھی اس سے ملا تھا اور رضا احمد اس کے سر پر ہاتھ پھیر

کر دعائیں دیتے سب سے مل کر رخصت ہو گئے تھے۔

عکاشہ تو باہر مردان خانے میں ریاض احمد کے ساتھ ہی تھا۔

اسے گھر میں آنے کا نہ موقع ملا اور نہ ہی اس نے خود کوشش

کی کیونکہ وہ اس سے ملنا نہیں چاہتا تھا ابھی، اسے معلوم تھا کہ

اس کا ذہن بہت الجھا ہوا ہوگا۔۔

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

اب دلہن کی رخصتی کی تیاریاں عروج پر تھیں۔ اسے دلہن کے

لباس سے آزاد کروا کر ہلکا پھلکا ڈریس پہنایا گیا اور اس کے بعد

۔۔اس کو عبایا بھی پہنا دیا گیا

گاؤں کے رواج کے مطابق کبھی بھی کوئی بھی لڑکی بنا عبایا کے

گھر سے باہر نہیں قدم نکالتی تھی اس لیے اس کو بھی عبایا پہنا

۔۔دیا گیا کیونکہ وہ ہمیشہ ہی پہنتی چلی آ رہی تھی

بے تحاشا روتے ہوئے سب سے ملتے ملاتے اسے گاڑی میں

بیٹھا دیا گیا تھا۔ عکاشہ بھی اپنے خالہ اور خالو سے ملنے کے بعد

۔۔مہرین کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے وہاں سے رخصت ہو گیا

★★★★★

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

شام کے سائے پھیل چکے تھے برقی قمقموں اور مصنوعی روشنیوں سے شہر جگمگا رہا تھا۔ جب انھوں نے گاؤں کی حدود کو چھوڑا تھا تو اس وقت سورج بس غروب ہونے ہی والا تھا لیکن اِس وقت چاند اپنے سفر پر روانہ تھا اور رات کی سیاہی پھیل چکی تھی۔

ایئرپورٹ تک پہنچنے میں ان کو ڈیڑھ گھنٹے کا وقت لگا تھا اور اِن ڈیڑھ گھنٹوں میں دونوں کے درمیان ایک بھی بات چیت نہیں ہوئی۔۔

وہ بس سوں سوں کرتے ہوئے روتی رہی تھی۔ آگے چلتے ہوئے اس نے پیچھے مڑ کر اسے دیکھا جو سست قدموں سے اس کے

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

پیچھے آتے ہوئے عبایا سے جھانکتی آنکھوں کو بڑی بیدردی سے بار بار رگڑ رہی تھی اور ساتھ ہی ساتھ ہچکیاں بھی لیتی جا رہی تھی۔

اس کے اس طرح رونے کی وجہ اسے بخوبی سمجھ آ رہی تھی لیکن وہ اس وقت فلحال مجبور تھا کچھ نہیں کر سکتا تھا۔

وہ خاموشی سے وہیں کھڑا ہو گیا جبکہ وہ اپنے خیالات میں گم آگے بڑھتے اس سے ٹکرا گئی۔ اس کی بے خیالی پر وہ اپنے لب بے اختیار بھینچ کر اسے اپنے بازؤں میں تھام کر گرنے سے بچالیا۔

وہ فوراً جھجھک کر اس سے دور ہوئی تھی۔ اُس کی اِس حرکت پر بنا غور کیے ہی وہ اپنی جیب سے رومال نکال کر اس کی طرف

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

بڑھا دیا۔ میرم نے پہلی بار نظر اٹھا کر اس خوبرو شخص کو دیکھا

۔۔جس نے اپنی ادا سے ہر کسی کو متاثر کر لیا تھا

نیلے جنز پر سفید شرٹ پہنے لمبا چوڑا وجیہہ مردانہ وجاہت کا شاہکار

لگ رہا تھا۔ اس کی نظریں خود پر محسوس کرتے ہی وہ جھجھک کر

۔۔اس کے چہرے سے خود بھی نظریں ہٹا گئی

اس کے بڑھے ہوئے ہاتھوں سے رومال لے کر اس مہکتے

۔ہوئے رومال میں اپنے آنسوؤں کو جذب کرنے لگی

تم ٹھیک ہو۔۔؟"مقابل شخص کی طرف سے اب تک کا سب "

سے پہلا سوال آیا تھا جس نے اس کی دھڑکنوں میں ہلچل مچا دیا۔

کیسا احساس تھا یہ کہ کوئی اس کا خیال رکھ رہا تھا، کیا وہ اس

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

قابل تھی کہ کوئی اس سے اس کی حال چال پوچھتا یا اس کا

خیال کوئی رکھتا؟۔۔

۔اس نے اثبات میں سر ہلاتے اپنے ٹھیک ہونے کا اسے بتایا

تم یہیں بیٹھو میں ابھی بس تین منٹ میں واپس آتا "

ہوں۔۔!!" اس کے اثبات میں ہلتے سر کو دیکھ کر وہیں رکھے

ایک بینچ پر اسے بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے خود فوراً وہاں سے

غائب ہوا تھا۔ اس نے حیرت کی زیادتی سے اس کی دوستانہ

رویے پر غور و فکر کرتی وہیں بیٹھ گئی تھی۔۔

تین منٹ کے بجائے پانچ منٹ ہو گیا اور پانچ کے بعد پھر دس

منٹ لیکن وہ واپس نہیں آیا، اس کا دل بے اختیار دھڑکا تھا

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

پسینے سے اس کی پیشانی عرق آلود ہوئی تھی۔ تو کیا وہ ابھی سے ہی اسے اپنے سر کا بوجھ سمجھ کر اسے چھوڑ گیا۔۔؟ وہ سوچنے پر مجبور ہوئی ۔

اٹھ کر چند قدم چلنے کے بعد ادھر اُدھر نظر دوڑاتے ہوئے اسے ڈھونڈنے کی کوشش کر رہی تھی جو اسے یہاں بیٹھا کر خود غائب ہو گیا تھا۔ جسے ڈھونڈنے کے خیال سے وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھی لیکن وہ اسے کہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ اس کا دل آج بڑی شدت سے رونے کو چاہ رہا تھا۔۔

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

مجھے ڈھونڈ رہی تھی۔۔؟"اپنی پشت سے ابھرتی آواز سن کر وہ "
ساکت کھڑی رہ گئی۔دل اس آواز پر ہی پرسکون ہوا تھا۔ وہ اپنے
۔۔دل کی اِس دغا بازی پر بلبلا اُٹھی تھی

پیچھے مڑ کر اسے دیکھا جو ہاتھوں میں پانی کی بوتل لئے کھڑا اسے
ہی دیکھ رہا تھا۔ اس نے فوراً نفی میں سر ہلایا۔ اس کی اس بچکانہ
۔۔ حرکت پر وہ زیرِ لب مسکرا دیا

اس کی آنکھوں میں پنہا خوف وہ دیکھ چکا تھا لیکن اس کے نفی
کرنے پر وہ کچھ بھی کہنے سے خود کو بڑی مشکل سے روک رہا
۔۔تھا

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

تمہارا ہاتھ اس لیے تھامنے کا فیصلہ نہیں کیا تھا کہ تمہیں بیچ "
راہ میں ہی سر عام چھوڑ جاؤں گا۔ تم اب میرم عکاشہ رضا ہو۔
عکاشہ رضا پر تمہارا پورا پورا حق ہے اور کم از کم تمہیں اتنا تو یقین
ہونا ہی چاہیے کہ عکاشہ رضا کبھی بھی میرم عکاشہ کو تنہا نہیں
چھوڑے گا۔ اس بات کا یقین کر لو تم۔۔!!"اس کے ہاتھوں
میں بوتل پکڑانے کے ساتھ ہی دوسرا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام
کر بڑی عقیدت سے آگے بڑھا تھا اور اس کے ساتھ چلتی ہوئی وہ
ابھی تک ان لفظوں کے سحر میں گرفتار تھی جنہوں نے اسے خود
میں باندھ لیا تھا۔۔

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

ان چند گھنٹوں کے درمیان ہی اس نے اپنا نام اس کے منہ سے سنا تھا اور صرف اپنا نام ہی نہیں بلکہ اپنے نام کے ساتھ خود کا اس نے نام لگا کر اسے پکارا تھا اور یہی چیز سیدھا اس کے دل میں جا کر بیٹھ گئی تھی۔۔

اس نے ایک ایسے یقین کا جگنو اسے تھمایا تھا جس کی اسے اس وقت اشد ضرورت تھی اس لیے اس یقین کے جگنو کو تھام کر وہ پرسکون ہو گئی تھی۔ پورے سفر میں ان دونوں کے درمیان پھر خاموشی ہی رہی۔ ممبئی ایئرپورٹ پر اترنے کے بعد گھر سے آئی ہوئی گاڑی میں وہ اسے پہلے بیٹھا کر پھر خود بیٹھ چکا تھا اور پھر گاڑی منزل کی طرف رواں دواں ہوئی تھی۔۔

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

گھر پہنچنے کے بعد بڑی خوبصورتی سے اس کا استقبال ہوا تھا اور

پھر اسے دلہن کے روپ میں سجا دیا گیا۔ ہر طرف ایک گہما گہمی

مچی ہوئی تھی۔ سب بڑی حیرت سے دلہن کو دیکھ رہے تھے

کیونکہ اس طرح اچانک سے شادی کا ہو جانا بہت سے سوالوں کو

جنم دے رہا تھا۔۔

رات کو تقریباً ایک بجے ساری رسموں رواجوں کے بعد اسے کمرے

میں پہنچا دیا گیا۔ وہ جب ایک بار پھر تنہا جیسے ہی ہوئی پھر وہ

سارے اذیت ناک لمحہ اس پر قبضہ کرلیا۔۔

کیسے کوئی اتنا اچھا ہو سکتا ہے کہ وہ بنا کوئی سوال وجواب کیے "

ہی اسے خود سے جوڑ لے، اپنا لے اسے اور وہ بھی ساری حقیقت

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

کے باوجود کیونکہ سب کو تو یہی لگ رہا تھا کہ کہیں نہ کہیں وہ راہ راست سے بھٹک گئی تھی تبھی یہ سب کچھ ہوا۔ حقیقت تو کسی کو نہیں معلوم تھی پھر وہ اس پر یقین رکھتے ہوئے پرسکون کیسے تھا۔۔؟" بہت سے سوالات تھے جن کا جواب صرف وہی ۔۔دے سکتا تھا لیکن اس کی ہمت نہیں تھی کہ وہ پوچھ سکتی وہ اپنی ہتھیلیوں کو سامنے کیے سوچوں میں غرق تھی جب وہ کمرے میں داخل ہوا تھا۔دروازہ بند کرنے کے بعد سب سے پہلی نظر اس پر پڑی جو اپنی ہتھیلیوں میں نجانے کیا ڈھونڈنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس کے اشک بڑی تعداد میں ہتھیلیوں ۔کو نم کر رہے تھے

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

اس نے خاموشی سے آگے بڑھ کر اپنے کپڑے نکال کر فریش ہونے چلا گیا جبکہ اس کے اس طرح سے اگنور کر کے جانے پر وہ اور زور و شور سے رونے لگی۔ جب تک وہ فریش ہو کر باہر آیا ۔تب تک وہ خود پر قابو پانے میں کامیاب ہو چکی تھی

بیڈ کے قریب پہنچ کر اس نے تکیہ درست کرتے ہوئے ہی اس کے لہنگے کو سمیٹ کر دراز ہو گیا جبکہ وہ اس کے اپنے قریب ۔ترین لیٹنے پر فوراً اٹھ کھڑی ہوئی

لہنگا سمیٹ کر بڑی مشکل سے نیچے اتر کر واشروم کی طرف بڑھی۔ وہ اپنے آنکھوں پر بازو رکھے اس کی ایک ایک حرکت پر نظر ۔رکھے ہوئے تھا

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

کپڑے تبدیل کر کے وہ لائٹ آف کرنے سے پہلے کمرے کی ایک ایک چیز پر نظر ڈالی لیکن اسے صوفے جیسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔ چند منٹ سوچنے کے بعد وہ بیڈ کے دوسری جانب بیٹھ کر لیمپ آف کرتے ہوئے سمٹ کر ایک کونے پر دراز ہو گئی۔

۔۔تھکاوٹ کے باعث چند پل بعد وہ نیند کی وادیوں میں اتر گئی

★★★★★

اس کی آنکھ تھوڑی دیر سے کھلی تھی۔ سورج اپنی سنہری شعائیں بکھیرتے ہوئے ہر ایک چیز کو منور کر گیا تھا۔ وہ کمرے میں کھڑکی سے چھن کر آتی دھوپ کو دیکھ کر اٹھ بیٹھی تھی۔ اسے

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

خیال آیا کہ وہ اب تو اپنے گھر نہیں ہے بلکہ کہیں اور کسی اور

حیثیت سے یہاں موجود ہے --

فوراً اٹھ کر وہاں سے فریش ہونے کے لیے واش روم میں داخل

ہوئی جہاں اس کے کپڑے پہلے سے ہی ہینگ کیے ہوئے تھے۔

دس سے پندرہ منٹ لگا کر جب وہ باہر نکلی تو کمرے کی وسط

میں اسے اپنی میمی کھڑی نظر آئیں --

"اسلام و علیکم میمی--!" ان کے ہاتھ بڑھانے پر وہ ان کے

شانوں سے لگی تھی۔

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

وعلیکم اسلام میری جان--!" انہوں نے محبت سے جواب "
دیتے ہوئے اس کی پیشانی چوم کر کچھ زیورات کے ڈبے جو لے
--کر وہ آئیں تھیں وہ اسے دینے کے بعد نیچے آنے کا کہا
ولیمہ پوسٹ پون ہونے کی وجہ سے گھر میں چند مہمانوں کے سوا
اور کوئی بھی نہیں تھا وہ تیار ہو کر تنہا ہی سیڑھیاں اترتی نیچے آئی
اور سب کو سلام کرنے کے بعد میمی کے ساتھ کرسی کھینچ کر
--بیٹھ گئی تھی

ارے رضا یہ کیا کیا تم نے--؟ شادی کے دوسرے ہی دن "
اسے جانے کیسے دیا--؟ ارے مانا کہ کام بہت تھا لیکن کچھ
دن تو گھر اور بیوی پردے لیتا۔ لو بھلا بتاؤ شادی کے دوسرے

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

ہی دن ہفتے بھر کے لیے صاحب بہادر میٹنگ کے سلسلے میں

بیرون ملک چلے گئے۔۔!!" رضا صاحب کی بڑی بہن ڈانٹ ڈپٹ

کر رہی تھی کیونکہ صبح اٹھنے کے بعد انہیں جو یہ خبر ملی تھی

۔بہت غصہ دلا گئی تھی

آپا بہت دنوں سے وہ اس پروجیکٹ کے لیے تیاری کر رہا تھا تو "

کیسے میں اتنی جلدی اس کی محنت پر پانی پھیر دیتا۔۔؟ جانے

دینا آپا، کوئی بات نہیں ہے پھر تو آ ہی جائے گا۔ گھر پر بھی

دھیان دے گا اور بیوی پر بھی، میرا بیٹا بہت فرمانبردار اور اچھا بیٹا

ہے اور مجھے معلوم ہے کہ وہ ایک اچھا شوہر ثابت

ہوگا۔۔!!"سب کی ہی باتیں وہ خاموشی سے گردن جھکائے سن

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

رہی تھی۔ اس کے جانے کا سن کر نہ جانے کیوں اسے اچھا

محسوس نہیں ہوا تھا پھر بھی اس میں کیا بول سکتی تھی--؟ جو

انسان اس سے ملے بغیر، اسے بغیر بتائے، اس سے بنا بات کہ

ہی چلا گیا تھا تو وہ کیا کہہ سکتی تھی، کچھ بھی نہیں۔ وہ اب

تک صبر اور تحمل سے ہی کام لیتے آئی تھی اور آگے بھی اسے

یہی کرنا تھا--

★★★★★

دس دن بعد--!

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

ممبئی کا موسم اچانک ہی تبدیل ہوتا تھا اور اس وقت بھی کالے بادل آسمان پر چھائے ہوئے تھے۔ بوندا باندی شروع ہو چکی تھی۔ سمندری ٹھنڈی ہوائیں وجود کو چھو کر گزرتی ہوئی ایک سرور سا بخش رہی تھیں--

بن بتائے ہی آج ہاتھوں میں سفری بیگ تھامیں جیسے ہی گھر میں داخل ہوا تھا لاؤنج میں بیٹھے اس کے والدین اسے دیکھ کر حیران ہوئے--

"اسلام و علیکم--!"

اس نے مشترکہ سلام کیا تھا دونوں لوگ اٹھ کر کھڑے ہوتے اس سے فوراً ملنے لگے تھے۔ وہ بہت خوش تھے کیونکہ جاتے وقت

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

جو یقین کا جگنو اس نے انہیں تھمایا تھا وہ انہیں پورا ہوتا لگ رہا تھا۔۔

مما مجھے روکیے گا نہیں، مجھے جانے دیجیے۔ چند دن بس لگیں گے وہ آپ لوگوں کے ساتھ کمفر ٹیبل ہو جائے گی اور ہم دونوں کو ہی وقت چاہیے۔ اس کو وقت دینا بہت ضروری ہے کیونکہ وقت ہی ایک ایسی چیز ہے جو مرہم بن کر گہرے سے گہرے گھاؤ کو بھرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔۔!!" گھر سے جاتے وقت اس کے بولے گئے الفاظ ابھی تک ان کے کانوں میں گونج رہے تھے ٹھیک ہی تو کہا تھا اس نے ان دس دنوں میں بہت بدلاؤ ہوا تھا۔۔

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

وہ ابھی ان سے مل ہی رہا تھا جب اس کے کانوں میں دور
کہیں سے کھلکھلاتی ہوئی آواز پہنچی، پہلے تو وہ چونکا پھر اس کے
بعد بے اختیار ہی مسکرا اٹھا۔ یہی صاف شفاف سی بے ریاں
مسکراہٹ تو وہ اس چہرے پر چاہتا تھا جو اس کے ساتھ جڑ چکی
تھی، جو اس کے زندگی کا حصہ بن چکی تھی، وہ اسے اداس یا
روتے ہوئے یا خود کو ڈگریٹ کرتے ہوئے کیسے دیکھ سکتا
تھا۔۔؟ کبھی بھی نہیں۔

کچن سے اس کے اور حاطب کے باتیں کرنے کی آوازیں صاف
سنائی دے رہی تھی۔ وہ اس کے اس طرح گھل مل جانے پر
بے انتہا خوشی محسوس کر رہا تھا چند منٹ بعد ہی حاطب ہاتھوں

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

میں پکوڑے اور چائے لیے باہر نکل کر آیا تھا اور اسے دیکھتے ہی

--فوراً ٹیبل پر سب کچھ رکھتے اس سے چمٹ گیا

کیسا ہے میرا ٹکڑا--؟"اس کے گرد حصار ڈالے اس کے "

بالوں کو بکھیر کر ساتھ ساتھ پوچھ بھی رہا تھا۔حاطب مسکراتے

ہوئے اس کے سوالوں کا جواب دیتے اس سے شکوہ شکایات

۔کرنے لگا

چند منٹ بعد ہی وہ بھی کچن سے نکل کر اس کے سامنے موجود

تھی۔ اسے دیکھ کر اس کی آنکھوں میں چمک سی چھا گئی تھی

کیونکہ نکاح کے باوجود بھی پہلے وہ اس کا چہرہ نہیں دیکھ سکا تھا،

پہلے عبایا میں صرف اس کی آنکھیں ہی دیکھی تھی اور گھر آنے

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

کے بعد بھی آنکھیں بند کیے سو گیا تھا۔ ہاں صبح اس کے اٹھنے

سے پہلے ہی وہ اس کی منموہنے چہرے کا دیدار کرنے کے بعد

۔۔ہی گھر سے نکلا تھا اور یہ بات وہ بالکل نہیں جانتی تھی

فیروزی نفیس سے سوٹ میں ملبوس کانوں میں چھوٹے چھوٹے

آویزے پہنے اور ناک میں چھوٹی سی نگ والی نتھلی پہنے، گلے میں

چین ڈالے، ہاتھوں میں چوڑیاں بھر بھر کر پہنے ہوئے وہ اسے

ایک گھریلو عورت اور بہت اپنی اپنی سی بھی لگی تھی۔ اس کی

۔پرتپش نگاہوں سے وہ اندر ہی اندر سلگ اٹھی

شام کی چائے کے بعد رات کے کھانے تک وہ ایک ساتھ نیچے

ہی موجود رہے۔ باتیں کرتے ہوئے، ایک دوسرے کا خیال رکھتے

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

ہوئے، ایک بہت ہی پرسکون اور خوبصورت فیملی کا منظر پیش کر

رہے تھے--

وہ لمبے سفر سے آیا تھا اور تھکا ہوا بھی تھا اس لیے اپنی مما کے

کہنے پر وہ فوراً اٹھ کر کھڑا ہوا--

جاؤ میرم بیٹا تم بھی آرام کرو--!!"اس کے پیچھے ہی میرم کو "

بھی انھوں نے روانہ کیا تھا وہ اپنے ہاتھوں کو مسلتی ہوئی بڑی

مشکل سے اس کے پیچھے کمرے تک پہنچی تھی--

وہ کمرے کے وسط میں کھڑی ہاتھوں کو بار بار مسلتی ہوئی

بہت بے چین نظر آرہی تھی۔ ماتھے سے بار بار پسینہ صاف کرتی

ہوئی اسے اپنی طرف متوجہ کر گئی۔اس نے پل بھر میں ہی اس

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

کی بے چینی نوٹ کر لی تھی نیچے بھی وہ جب سے آیا تھا تب سے

وہ خاموش ہی تھی اور یہاں بھی وہ خاموش ہی کھڑی تھی آج

پہلی بار اسے اس کی خاموشی کھل رہی تھی اس لیے وہ اپنے

کپڑے صوفے پر پھینک کر اس کی طرف قدم بڑھا چکا تھا--

"منہ کھولو اپنا--!"

اس کے کپکپاتے ہوئے لبوں پر نظر مرکوز کیے اس اس کے

بالکل قریب ترین کھڑے ہو کر اسے منہ کھولنے کا کہتے چونکا گیا

تھا۔ وہ ہونقوں کی طرح بس اسے ہی دیکھے جا رہی تھی کیونکہ

اس کی بات کہ کچھ خاص سمجھ نہیں آ سکی تھی کہ وہ کہنا کیا

چاہتا ہے؟--

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

اس کے منہ نہ کھولنے پر وہ اس کی تھوڑی پر انگلی جماتے ہوئے بڑی نرمی سے اس کا منہ کھول کر دیکھنے کے بعد بڑبڑایا تھا۔۔

" تمہاری زبان تو صحیح سالم ہے مجھے لگا کہ ایک بار دیکھ لوں کہیں خالو نے تمہاری زبان کاٹ کر تو ہمارے پاس نہیں بھیج دیا کیونکہ تم نے شادی کے بعد سے اب تک مجھ سے ایک بھی لفظ نہیں کہا ہے۔ شکوہ شکایات ہی کرنی ہے تو کر لو، لڑائی کرنی ہے وہ بھی کر لو پر کچھ بولو تو سہی۔۔!!" وہ اپنی امڑتی ہوئی مسکراہٹ کا گلا گھونٹنے کے لیے اپنے لبوں کا کونا دبا کر اس سے کہتا ہوا اس کے اندر کی عورت کو جگا گیا۔۔

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

غصے سے پہلے اس کا چہرہ سرخ ہوا تھا پھر بے اختیار ہی آنکھیں

نم ہوتی اس کی آنکھوں سے آنسو گالوں پر لڑھکنے لگے۔

اسے اس طرح سے روتے ہوئے دیکھ کر وہ اپنے تڑپتے دل کی

بے چینی پر بلبلا اٹھا تھا۔ فوراً ہاتھ بڑھا کر اپنی انگلیوں کے پوروں

پر ان آنسوں کو چننے لگا۔۔

"میرم۔۔!" بڑی بے قراری سے اسے پکارتے ہوئے اسے اور

شدت سے رونے پر مجبور کر گیا۔

"آپ اس طرح سے شادی کے دوسرے ہی دن مجھے چھوڑ کر

چلے گئے اس سے تو اچھا تھا کہ آپ بھی سب کی طرح مجھ پر

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

الزام عائد کر کے اپنے دل کی بھڑاس نکال لیتے۔۔!!" پہلی بار

۔۔کچھ اس کی زبان سے ادا بھی ہوا تھا تو کیا۔۔؟صرف شکوہ

شش۔۔!آگے ایک لفظ بھی نہیں۔!" اس کے لبوں پر "

شہادت کی انگلی جما کر اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے

۔۔خاموش کروایا

مجھے بہت اچھے سے معلوم ہے کہ تم کن حالاتوں میں مجھ "

سے جڑی تھی اور جب سے تمہارا اور میرا آمنا سامنا ہوا تھا تم

صرف مجھے روتی ہوئی ہی ملی تھی۔ میں سمجھ سکتا تھا تم کو اس

لیے تمہیں اور خود کو بھی وقت دے رہا تھا۔۔!!" اس کی پلکوں

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

پر اٹکے آنسو کو اپنی انگلیوں کی پوروں پر سمیٹ کر اس کے ہاتھوں کو جھک کر اپنے ہاتھوں میں تھام لیا۔

آپ نے اس دن ایئرپورٹ پر کہا تھا کہ آپ مجھے کبھی بھی تنہا " نہیں چھوڑیں گے پھر اگلے ہی دن مجھے تنہا چھوڑ کر کیوں چلے گئے تھے۔۔؟ مجھے معلوم ہے کہ کہیں نہ کہیں آپ کو بھی مجھ پر شک ہوگا لیکن میں آپ کو سب کچھ بتانا چاہتی ہوں۔۔!!"

اس کے ہاتھوں میں مقید اپنے ہاتھوں کو دیکھ کر وہ خود کو بڑی مشکل سے سنبھال سکی۔

أئی ایم ریلی سوری وائفی، آگے سے کبھی ایسا نہیں ہوگا اور " دوسری بات مجھے جتنا خود پر یقین ہے اس سے کہیں زیادہ اگر

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

میں کہوں کہ تم پر یقین ہے تو کیا تم یقین کرو گی--؟" اس کے لہجے میں سچائی محسوس کرتے ہوئے اپنی ہتھیلیوں میں چہرہ چھپاتے ہوئے زور و شور سے رونے لگی--

" تم میری تھی تم میری زندگی اور دل کا حصہ تھی پھر تم کسی اور کے ساتھ کیسے رخصت ہو جاتی--؟ تمہیں اللہ نے میرے لیے ہی بنایا تھا بھلے سے مجھ تک پہنچنے میں بہت سی رکاوٹیں تمہارے راستے میں آئی ہوں لیکن تمہیں آنا تو پھر بھی میرے ہی پاس تھا--!!" اس کے گرد محبت سے حصار قائم کرتے اسے خود میں سمیٹ لیا۔

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

" مجھے لگا تھا کہ میں آپ پر بوجھ بن گئی ہوں اور آپ بھی مجھے کسی دن بوجھ ہی سمجھ کر اتار کر پھینک دیں گے۔۔!!"اس کی شرٹ کو آنسو سے تر کرتے ہوئے وہ شرگوسی نما آواز میں گویا ہوئی۔

" تم نے کوئی گناہ نہیں کیا تھا اس لیے اللہ نے اپنے وعدے کے مطابق تمہیں تم جیسا ہی ہمسفر عطا کیا۔ مجھے مہرین نے وہاں سے چلتے وقت سب کچھ بتا دیا تھا ایک ایک بات اس نے مجھے بتائی تھی اس لیے کبھی بھی اس گلٹ میں نہ رہنا کہ میں تمہیں کبھی غلط سمجھوں گا یا سمجھا تھا، نہ پہلے کبھی غلط سمجھا تھا نہ آگے کبھی سمجھوں گا اور اس زلیل انسان کا بھی انتظام

کر آیا تھا اس لئے ڈرنا نہیں۔۔!!" اس کے پریقین لہجے میں
چھپی سچائی پر وہ بے ساختہ اپنے رب کا شکر ادا کرنے لگی جس
نے اسے اتنا پیارا ہمسفر دیا تھا۔

میں ہمیشہ آپ کی وفادار رہوں گی۔۔!!" اس کی آنکھوں میں "
پنہا چاہت کے رنگ دیکھ کر وہ خود بھی اظہار کرنے سے خود کو
باز نہیں رکھ سکی۔

مجھے بھلے سے تم سے اس وقت کوئی جنونی قسم کی محبت "
نہیں تھی لیکن میں نے تمہیں خلوص دل سے اپنایا تھا اس لیے
یہ بے مطلب کی چیزیں سوچنا چھوڑ دو اور اگر کبھی بھی، کہیں
بھی، زندگی کے کسی موڑ پر تمہیں تھوڑا سا بھی ڈر لگے تو تم بنا

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

جھجک میرا ہاتھ تھام لینا میں تمہیں دنیا کی ہر سرد و گرم ہوا سے بچا کر تحفظ اور مان دینے کی ہمیشہ کوشش کروں گا۔۔!!" اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لے کر بڑی عقیدت سے اس کی پیشانی پر محبت کی مہر ثبت کرتے ہوئے اپنا پہلا اظہارِ لمس بخشا۔ وہ سرشار ہو اٹھی کیونکہ اس کے رب نے اسے بن مانگے ہی اسے دنیا کا سب سے بہترین مرد عطا کر دیا تھا جو بیوی کو اپنے پیروں کی جوتی نہیں بلکہ اپنے سر کا تاج سمجھ رہا تھا اور ۔۔ایسے مرد نایاب ہی ہوتے ہیں

ہمارا رب کبھی کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کرتا بلکہ وہ بہتر سے بہترین عطا کرتا ہے بس صبر کا دامن تھامے رکھنا چاہیے۔۔

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment

★ختم شد

www.classicurdumaterial.com
www.classicdigitallibrary.com
www.dhanakurdudigestbyclassic.com

For More Novels Please Wist Our Website
https://classicurdumaterial.com/
For Audio Books Wist Our You Tube Channe
Classic Entertainment